كَمُلَ الْعَبْدُ فَفَنٰى مَا بَقِيَ وَبَقِيَ مَا فَنَا فَنَا مَا فَنَا بَقَا مَا بَقَا فَهٰذَا الْوَاصِلُ الْفَاصِلُ وَهٰذَا الْعَالِمُ الثَّانِيْ وَ هٰذَا الْعَالِمُ الرَّبَّانِيُّ الْمُطَّلِعُ عَلَى الْمُتَشَابِهَاتِ الْوَاقِفُ عَلَى الْخَفِيَّاتِ وَالْعَارِفُ عَلٰى كَيْفِيَّةِ سِرِّ التَّخْلِيْقِ وَالتَّكْوِيْنِ يُرٰى اَنَّهٗ يُصَوِّرُ كَمَا يُصَوِّرُ الْمُصَوِّرُ بِيَدِهٖ وَلٰكِنَّ بِدُوْنِ الْمُبَاشَرَةِ وَالْمُلَاقَاتِ وَاِنْ كَانَ يُرٰى هٰكَذَا فَاِنَّهٗ مِنْ صِفَاتِ التَّشَكُّلَاتِ وَالتَّمَثُّلَاتِ هٰذِهٖ بِالنِّسْبَةِ اِلَى الرَّائِيْ وَلَا الْمَرَائِيْ اِنَّهٗ سُبْحَانَهٗ مُنَزَّهٌ عَنِ النِّسْبَةِ وَ الْاِضَافَاتِ فَاَمَّا مَنْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يُرَقِّيَهٗ عَلٰى دَرَجَاتِ الْاَنْبِيَاءِ وَيَجْعَلَهٗ عَلٰى صِفَاتِ الْاَصْفِيَاءِ يَبْعَثُهٗ لِدَعْوَةِ الْخَلْقِ اِلَى الْحَقِّ وَيُجْلِسُهٗ مَجْلِسَ الصِّدْقِ وَالْقُرْبَةِ مَقَرَّ الْعَيْنِ فَيَكُوْنُ عَيْنٌ بِلَا عَيْنٍ لَا يَسْتُرُهٗ عَيْنٌ وَلَا يُلْحِقُهٗ شَيْنٌ وَهُوَ لَائِقُ الْحَاذِقِ وَهُوَ الْاَحَقُّ السَّابِقُ ثُمَّ الْعَلَامَاتُ الظَّاهِرَةُ وَالْمُعَامَلَاتُ الشَّاهِدَةُ اَنْ لَا يَرْكَنَ اِلَى الدُّنْيَا وَاَرْبَابِهَا وَلَا يَتَعَلَّقُ بِاٰلَاتِهَا وَاَسْبَابِهَا وَاَنْ

جو جانتا ہے کہ متشابہات کیا ہین اور جو اسرار خفی اور راز تخلیق وتکوین سے مطلع ہوگا۔ یہ دیکھا گیا ہے کہ یہ شخص ایسی تصویر بناتا ہے جیسی مصور اپنے ہاتھ سے بنایا کرتے ہین۔ اس مین صفت یہ ہے کہ گو ایسا دکھائی دیتا ہے مگر بلا مباشرت وملاقات کے وہ ایسی تصویر بناتا ہے یہ سب تشکلات وتمثیلات کے صفات ہین اور یہ سب دیکھنے والے کے لحاظ سے ہین، مرئی کا اسمین دخل نہین ہے اللہ تعالیٰ سبحانہ نسبت واضافات سے منزہ ہے لیکن وہ جسکو ترقی درجات انبیا دینا چاہتا ہے اور جسکو صفات اصفیا سے متصف کرنا چاہتا ہے اسکو دعوت حق کے لیے خلق کیطرف بھیجتا ہے، اسکو مجلس صدق وقرب مین جگہ دیتا ہے، اسکی آنکھین ٹھنڈی رہتی ہین وہ آنکھ بلا آنکھ کے ہوتی ہے اسکو کوئی عیب نہین لگتا وہ لایق حاذق ملنے والا اور سبقت کرنیوالا ہوتا ہے اب اس کے بعد یہ ظاہر علامات اور کھلے ہوے معاملات اس مین موجود ہوتے ہین، وہ دنیا اور اہل دنیا کی طرف مائل نہین ہوتا۔ اور نہ دنیا کے اسباب وآلات سے اسکو کچھ تعلق ہوتا ہے اور نہ یہ اہل دنیا کے پاس آتا جاتا ہے اور نہ ا۔نسے میل جول رکھتا ہے اور نہ اسکو انسے محبت ہوتی ہے، اس کی تھوڑی

ع لفظ اضداد ... معنی ... ہین۔

لا يختلف على أهل الدنيا ولا يتردد
ولا يودد ويكون بالشرايع كثيرها
وقليلها وحقيرها وجليلها
متشبثا حق التشبث متعلقا
حق التعلق بحيث لا يفوت
عنه سنة من سنن سيد المرسلين
النبي صلى الله عليه وآله وسلم
وسيرة من سيرته الا بضرورة
اجازها الفقهاء ومضى عليها العلماء
وهو من سير السلف الصالح
وسنة النبي الفاتح فيقول الملقب
بگيسو دراز محمد بن يوسف
حسيني الحسيني بالتحقيق الحقيقي
والعلم اليقين اللهم من كان من
تلاميذي ومسترشدي يتصف
بصفتي هذه ومضى على سيرتي
وسريرتي هذه ويتملك صنعتي
وصنيعتي هذه فهو ولدي الذي
ولد من سري وابني الذي رضع
من ضرعي فهو قرني وقريني و
خليفتي ومن لم يكن كذلك فانا
والله تعالى وشيخي منه براء و
الله خليفتي على اهل ملتي والسلام

یا بہت چھوٹی یا بڑی سب باتیں شریعت کے
مطابق ہوتی ہین، اس کا سارا دارمدار شریعت
پر ہوتا ہے اور سختی کے ساتھ پابند شریعت
ہوتا ہے نہ کوئی سنت اس سے چھوٹتی ہے نہ
سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی خصلت
اس سے ترک ہوتی ہے سوائے اسکے جس کی
اجازت ضرورتاً فقہانے دی ہے اور علماء جسکو
جائز رکھتے ہین اور یہ عادت سلف صالح کی ہے
اور سنت نبی فاتح کی ہے، پس بندہ ملقب بہ
گیسو دراز محمد بن یوسف حسین الحسینی بہ تحقیق
حقیقی وبعلم یقینی کہتا ہے کہ اے اللہ جو میرا
شاگرد یا مسترشد میری اس صفت سے متصف
ہو اور میری خصلت پر زندگی گذارے اور میرے
خصائل باطنی پر عمل پیرا ہو اور میرے اعمال
وافعال کا پابند ہو وہی میری اولاد ہے جو
میرے باطن سے پیدا ہوئی ہے اور وہی میرا
بچہ ہے جو میری پستان سے پرورش پاکر دنیا
مین ظاہر ہوا ہے۔ وہی میرا مصاحب یار اور
میرا خلیفہ ہے اور جو اسکے خلاف ہے اور ایسا نہین
ہے تو اس سے اللہ تعالےٰ اور مین اور میرے شیخ
مرشد سب بری الذمہ ہین اور اللہ تعالےٰ
میرے ہم مشربون کے حق مین میرا خلیفہ ہے والسلام

وَاَيضًا اَمَّا بَعدُ اَرٰی حَسبَ هٰذَا
الزَّمَانِ اَنَّ الرَّغبَ قَد فَتَرَ وَ
الطَّلَبَ قَد اِستَتَرَ فَاُجِيزُ الوَاحِدَ
عَلٰی طَرِيقِ الوَكَالَةِ وَالنِّيَابَةِ بَعدَ مَا
اَرٰی صَلَاحَهٗ وَزُهدَهٗ وَتَرَكَ الاِختِلَافِ
عَلٰی اَهلِ الدُّنيَا وَرِفدِهٖ اَن يَبسُطَ
يَدَهٗ لِطَالِبِ التَّوبَةِ لِئَلَّا يَكُونَ
بَابُ التَّوبَةِ مَسدُودًا وَطَرِيقُ
الاِنَابَةِ مُعَوَّجًا وَمَردُودًا فَاِنَّ
الزَّمَانَ قَرُبَ اَوَانُهٗ اَن يُغلَقَ
بَابُ التَّوبَةِ وَهٰذَا مِمَّا مَضٰی عَلَيهِ
شَيخِي وَشَيخُ شَيخِي وَاَنَا عَلٰی مِنهَا
جِهِم وَطَرِيقِهِم اَمضِي وَالمُضِيُّ عَلٰی
طَرِيقِهِم طَرِيقَتِي وَسُنَّتِي وَهٰذَا المُجَازُ
لَيسَ مِنَ المُرشِدِ خَلِيفَتِي وَلَيسَ
مِن وَلَدِي الَّذِي وُلِدَ مِن سِرِّي
وَبَرَزَ مِن ضَرِّي فَافهَمُوا وَاغتَنِمُوا
اَيُّهَا الاِخوَانُ فَمِنَ الَّذِينَ اَشَرتُهُم
بِالاِشَارَةِ الَّتِي سَبَقَت بِذَيلِ
الكَلَامِ عَلَاءُ الدِّينِ گوالیری وَابنُهٗ
رُكنُ الدِّينِ اَبُو الفَتحِ الگوالیری
وَخُوَاند میر بن شَیخِ الاِسلَامِ
الاَیرجی وَاِسحَاقُ بنُ مُحَمَّدِ الجهاری

ایضاً۔ اما بعد۔ میں اس زمانہ کو دیکھتا ہوں کہ
اسمیں رغبت سست ہو گئی ہے اور طلب معدوم
ہے لہذا ایک شخص کو میں اجازت بطور وکالت
و نیابت دیتا ہوں۔ مگر پہلے یہ دیکھ لیتا ہوں کہ
اسمیں صلاحیت اور زہد کس قدر ہے اہل
دنیا کے پاس آنا جانا ترک کر چکا ہے یا نہیں
اسکے بعد اجازت دیتا ہوں کہ توبہ کے طلبگار
کیطرف ہاتھ پھیلائے تاکہ توبہ کرنے کا دروازہ
بند نہ ہو جائے اور طریقہ انابت کج مج اور
ناپسندیدہ نہ سمجھا جائے۔ اب وہ زمانہ قریب
آگیا ہے کہ توبہ کا دروازہ بند کر دیا جائے گا۔ یہ
وہ طریقہ ہے جس پر میرے شیخ اور میرے شیخ کے
شیخ کا عمل درآمد رہا ہے اور میں بھی انھیں حضرات
کے طریقہ اور نقش قدم پر چلتا ہوں اور ان
حضرات کے قدم بقدم چلنا ہی میرا طریقہ ہے
اور یہی میری عادت و روش ہے اور جسکو
میں نے اجازت دی ہے[5] اور وہ میرے اس طریقہ
پر نہ چلے تو وہ مجھسے ہدایت یافتہ نہ سمجھا جائے
وہ میرا خلیفہ نہیں ہے اور نہ وہ میرا ایسا بچہ
کہا جائیگا جو میرے سر باطن سے پیدا ہوا ہو اور
میرے پستان سے پرورش پا کر ظاہر ہوا ہو۔ اے

[5] بعض خلافت ناموں میں حضرت بندہ نواز یہ بھی لکھا کرتے تھے

وَاَخُوْهُ سُلَیْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ الْجِهتَرِی
وَابْنُ اُبْنَتِی کَلِمَۃُ اللّٰہِ بْنُ سَالَارِ
اللَّاهُوْرِیُّ وَاَبُوالْمَعَالِی مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ
الْمُغْرِبِیُّ وَسِرَاجُ الدِّیْنِ ابْنُ شَهْرِیَارَ
الْقَیْسِیُّ وَبَهَاءُ الدِّیْنِ ابْنُ شَهْرِ اللّٰہِ
لَاهُوْرِیُّ وَسَیْفُ الدِّیْنِ لَکْهنَوِیُّ وَ
حَمِیْدُ الدِّیْنِ اَجْهُو دَهِیُّ وَعَلَمُ الدِّیْنِ
بْنُ شَرَفِ الدِّیْنِ مِنْ اَقَارِبِ قَاضِیْ
شَاہ دَوْلَہ اَجْهُو دَهِیُّ وَالْخِرْقَۃُ
وَالسَّجَّادَۃُ وَالْخَاتَمُ الَّذِیْ بِیَدِیْ کُلُّ
ذٰلِکَ مَبْذُوْلَۃٌ وَمَمْلُوْکَۃٌ لِمُحَمَّدِ
نِ الْاَصْغَرِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ شَرِیْعَۃً
وَطَرِیْقَۃً وَحَقِیْقَۃً وَسَهْوًا مِنَ
الْغَفْلَۃِ طَرَأَتْ عَلَیْہِ الْمُسَمَّاۃُ
بِالْجُنُوْنِ وَکُلُّ مَنْ هُوَ یُجِیْزُہٗ
مِنْ جِهَۃٍ فَهُوَ مُجَازٌ مِنْ جِهَتِیْ وَاِنْ
قَالَ اَحَدٌ مِنَ النَّاسِ اِنِّیْ قَرِیْبٌ
مِنْہُ بَلْ اَقْرَبُ مِنْ کُلِّ اَحَدٍ
فَاَنَا اَحَقُّ بِہٖ فَلَیْسَ بِشَیْءٍ مِنِّیْ مَنْ
لَازَمَ الْبَابَ وَحَفِظَ الْاٰدَابَ وَ
مَضٰی عَلَیْہِ زَمَانًا مِنْ عُمُرِہٖ فَهُوَ
اَیْضًا مِنْ مُجَازِیْ وَمُرِیْدِیْ فَاَمَّا
اَحْمَدُ بْنُ الْعَزِیْزِ الدَّبِیْرُ فَمِنَ الَّذِیْنَ

بجا لائو اسکو سمجھو اور غنیمت جانو جن لوگوں کی طرف
میں نے اشارہ کیا اور سلسلہ کلام میں جنکا ذکر
گذر چکا انھیں میں سے علاء الدین گوالیری اور
انکے بیٹے رکن الدین ابو الفتح گوالیری اور خواند میر
بن شیخ الاسلام اُچھی اور اسحاق بن محمد جھبتری
اور انکے بھائی سلیمان بن محمد جھبتری اور میرا
نواسہ کلمۃ اللہ بن سالار لاہوری۔ ابو المعانی
بن احمد مغربی۔ سراج الدین بن شہریار قیسی
بہاء الدین بن شہر اللہ لاہوری سیف الدین
لکھنوی حمید الدین اجودھنی اور علم الدین
بن شرف الدین رشتہ دار قاضی شاہ دولہ
اجودھنی ہیں۔ خرقہ۔ سجادہ اور انگشتری جو میرے
ہاتھ میں ہے یہ سب چیزیں ہبہ و ملک
محمد اصغر رضی اللہ عنہ ہیں۔ از روئے دین کے
اور از روئے شریعت و طریقت و حقیقت
کل انکی ملک ہیں، اسکے اوپر سہو طاری ہے جسکو
لوگ جنون کہتے ہیں اور کل جسکو محمد اصغر اجازت
دیدیں میری طرف سے مجاز سمجھے جائیں۔ اگر
کوئی یہ کہے کہ اسکے مقابلہ میں میں عزیز قریب یا
قریب ترین ہوں ان چیزوں کا مستحق میں ہوں تو

لہ ایک قصبہ ہے جو اسوقت ستلج پتور کے نام سے مشہور ہے
لہ ایک قصبہ کا نام ہے

فَاَذْوَا مَاکَثُرَ الْاَشْیَاءِ الَّتِیْ اَشَرْنَا مِنْ اَوَّلِ الْکِتَابِ اِلٰی اٰخِرِہٖ فَھُوَ وَلَدِیَ الَّذِیْ وُلِدَ مِنْ سِرِّیْ فَعَلَیْہِ اَنْ یُّرْشِدَ الْمُسْتَرْشِدِیْنَ کَمَا اَرْشَدْتُہٗ فَاِنْ لَّمْ یَفْعَلْ فَاَنَا غَیْرُ رَاضٍ مِّنْہُ وَاللّٰہُ تَعَالٰی سَاخِطٌ عَلَیْہِ وَالنَّبِیُّ مُعْرِضٌ عَنْہُ وَعُثْمَانُ بْنُ جَعْفَرٍ رَجُلٌ مِّسْکِیْنٌ ضَعِیْفُ الْحَالِ غَیْرُ قَوِیِّ الْبَالِ فَاِنْ جَآءَہٗ تَائِبٌ یُّرِیْدُ اَنْ یَّتُوْبَ عِنْدَہٗ فَلَا یَمْنَعْہُ وَیَبْسُطِ الْیَدَ لَہٗ وَیُلْبِسُ الْخِرْقَۃَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الشَّاھِدُ عَلٰی مَاکَتَبْتُ وَاَشَرْتُ اِنْ کَانَ فِیْہِ شَیْءٌ مِّنْ وُّجُوْدِیْ وَوُجُوْدِ نَفْسِیْ فَاَنَا بَرِیٌّ مِّنْہُ وَاَنْتَ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُیُوْبِ فَاعْفُ عَنِّیْ وَاغْفِرْلِیْ وَوَفِّقْنِیْ عَلٰی اَحْسَنِ الْاَحْوَالِ وَاَجَلِّ الْاَقْوَالِ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ وَاَنْتَ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ٭

اسکا یہ دعویٰ میرے نزدیک کوئی چیز نہین ہے جو اس بارے مین میری نصیحت پر عمل کرے آداب کی نگہداشت رکھے اور اسکی پابندی کرے تو وہ بھی میرا مرید اور مجاز ہے اور احمد بن عزیز دبیر یہ ان لوگون مین ہین جنکی طرف مین نے کتاب کی ابتدا اور انتہا تک اشارہ کیا ہے اور ان اشیار پر وہ فائز ہین وہ میرے بچے اور باطنی اولاد ہین انپر واجب ہے مسترشدین کی رہنمائی کرین اسلیے کہ مین نے انکی رہنمائی کی ہے اور اگر وہ نہ کرین گے تو مین اونسے راضی نہونگا اللہ تعالےٰ انپر غضبناک ہوگا۔ حضور اقدس نبی صلعم منہ پھیرلین گے نیز عثمان بن جعفر ایک مرد مسکین کمزور حال شخص ہے اسکا دل قوی نہین ہے اگر کوئی طالب اسکے پاس آئے اور توبہ کرنا چاہے تو اسکو انکار نہ کرنا چاہیے اپنا ہاتھ بڑہانا چاہیے اور اسکو خرقہ پہنانا چاہیے اے میرے اللہ تو شاہد ہے اسپر جو مین نے لکھا اور جسکی طرف مین نے اشارہ کیا ہے اگر اسمین میرا یا میرے نفس کا کچھ دخل ہو تو اس سے بری ہون اور تو غفار الذنوب ہے اور ستار العیوب ہے مجھکو معاف فرما۔ اور مجھکو بہترین افعال اور بزرگ اقوال کی توفیق دے تو غفور، رحیم کریم اور حلیم ہے۔ برحمتک یا ارحم الراحمین والحمد للہ رب العالمین۔

باب ششم

در ذکر اولاد حضرت مخدوم رضی الله عنه و
فضائل و شمائل ایشان رضی الله عنه
بدانکه حضرت مخدوم رضی الله عنه را
دو پسر بودند یکے بزرگ زبدۂ اصحاب
شریعت قدوۂ ارباب طریقت و حقیقت
مرشد ثقلین تاج الدولة سید حسین
رضی الله عنه المعروف بہ سید محمد اکبر
طاب ثراه و حسن مثواه و فضایل ایشان
بیشتر از آنست که در کتاب آید چنین گویند
بعد تولد از ایشان طائفۂ ابدالان بہ تهنیت
آمدند میوه از تیهۂ بنی اسرائیل آوردند
از درختے که آنرا درخت تجلی میگویند
آنجا ازین جنس چند درخت معدودست
اول مخدوم زاده بزرگ را ازان بار
سوده گھٹی ذقه دادند چنانکه مردمان خرما می
دهند و مخدوم زادۂ خورد را نیز همین داده
بودند هر دو مخدوم زاده دانشمند و اهل
بودند در جمیع علوم معقول و منقول پیش
اساتذۂ دهلی چنانکه خدمت قاضی
عبد المقتدر رضی الله عنه و مخدوم مولانا

باب چھٹوان

حضرت مخدوم رضی کی اولاد اور انکے فضائل اور خصایل کا ذکر
حضرت کے دو لڑکے تھے بڑے خلاصہ اصحاب شریعت
پیشوائے ارباب طریقت و حقیقت تاج الدولہ
والدین سید حسین رضی الله عنہ معروف بہ سید
محمد اکبر طاب ثراہ و حسن مثواہ انکے فضائل احاطہ
تحریر سے باہر ہین لوگ کہتے ہین کہ جب وہ پیدا
ہوئے تو ابدالون کی جماعت مبارکبا دینے کیلئے
آئی اور بنی اسرائیل کے میدان سرگردانی سے
ایک درخت کا میوہ لائے تھے جسکو درخت تجلی
کہتے ہین - وہان اس قسم کے چند گنتی کے درخت
ہین سب سے پہلے مخدوم زادے کو پانی مین گھسکر
گھٹی مین کر دیا - اسی طرح چھوٹے مخدوم
زادہ کو بھی یہ پھل دیا تھا - دونوں صاحبزادے
عالم اور اہل تھے - تمام علوم معقول و منقول ان
اساتذہ دہلی سے پڑھے تھے جیسے قاضی عبد المقتدر
مولنا خواجگی نحوی - مولانا محمد بغرا مولنا
نصیر الدین قاسم اور سلوک و تلقینات و
ارشادات حضرت مخدوم رض سے حاصل کی تھین
بڑے مخدوم زادے سے ابتدائے حال مین
خواجہ خضر سے ملاقات ہوئی تھی خواجہ خضر نے کہا کہ

خواجگی نحوی و مولانا محمد بغرا و مولانا
نصیر الدین قاسم و علوم سلوک و تلقینات
و ارشادات حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ
گرفتہ بودند مخدوم زادۂ بزرگ را در ابتدا ر
حال با خواجہ خضر علیہ السلام ملاقات
شد خواجہ فرمودند بخواہ ہر چہ میخواہی مخدوم
زادہ بزرگ گفتند مقصود من از ان جنس
نیست کہ از شما خواستہ شود گاہی در
زیارت حضرت شیخ الاسلام شیخ قطب الدین
رضی اللہ عنہ رفتہ بودند با روح حضرت شیخ
ملاقات شد تمام شب با ایشان یکجا
بودند۔ روزے در ہوائے سرما با خدمت
مولانا علاء الدین گوالیری و مولانا
بہاء الدین امام یکجا بودند و آتش افروختہ
بودند فرمودند ما را از مقصود ہیچ حجاب
نیست ہر وقتی کہ بخواہیم مقصود را بہ بینیم
و اگر استوار نمی دارید شما را بنمائیم ایشان
گفتند بنمائید در حال سوی ایشان اشارت
کردند کہ بہ بینید خدمت مولانا علاء الدین
فرمودند آنچہ مقصود بود دران دیدم حضرت
مخدوم کرامت میفرمودند اگر محمد اکبر پسر من نمی
بودی من ابریق کشی او میکردم و میفرمودند
ہیچ مریدے از پیر بہتر نشدہ است مگر دو نفر

مانگو کیا مانگتے ہو مخدوم زادے نے جواب دیا میرا
مطلوب ایسا نہین جو آپ سے مانگا جائے۔
ایکبار شیخ الاسلام شیخ قطب الدین کی زیارت
کو تشریف لے گئے تھے، حضرت شیخ کی روح
پر فتوح سے ملاقات ہوئی، تمام رات آپکے ساتھ
ایک جگہ رہے۔ ایکدن جاڑے کے موسم مین مولانا
علاء الدین گوالیری۔ مولانا بہاء الدین کے ساتھ
آپ یکجا تھے آگ جلائی تھی۔ صاحبزادہ صاحب
نے ارشاد فرمایا۔ مجھکو مقصود سے کچھ حجاب نہین
رہ گیا ہے جسوقت چاہتا ہون مقصود کو دیکھ لیتا
ہون۔ اگر تم لوگوں کو یقین نہ ہو تو دکھا دون ان
حضرات نے عرض کیا دکھائیے، اسی وقت آپ نے
ان لوگون کی طرف اشارہ کیا کہ لو دیکھو حضرت
مولانا علاء الدین نے کہا کہ جو کچھ مقصود تھا اسکو
اسی وقت مین نے دیکھا۔
حضرت مخدومؒ ارشاد فرماتے تھے کہ اگر محمد اکبر
میرا لڑکا نہ ہوتا تو مین اسکے لئے لوٹے مین پانی
بھر کر لاتا اور فرماتے تھے کہ کوئی مرید پیر سے بہتر
نہین ہوا مگر دو شخص ایک حضرت قطب الدین
حضرت مخدوم معین الدین سنجری سے اور دوسرے
محمد اکبر مجھسے۔ جب مولانا ابو الفتح گلبرگہ مین حاضر
ہوئے تو مخدوم زادہ بزرگ کے مرقد منور کی زیارت
کے لئے حضرت مخدوم سے گذارش کی حضرت

یکے خدمت شیخ قطب الدین از شیخ معین الدین
رضی اللہ عنہما دوم محمد اکبر از من چون خدمت
مولٰنا ابوالفتح بجہت پابوس حضرت
مخدوم در کلبرگہ آمدند۔ التماس رفتن زیارت
مخدوم زادہ بزرگ کردند حضرت مخدوم فرمودند
تو اورا شناختہ ایشاں گفتند بندہ را
این مقام کجاست کہ ایشانرا بشناسد فرمودند
از من بشنو آنروز کہ آں توت فروش بچہ
یعنی شیخو مردود کہ پیش ازین خدمت میکرد
آخر راندہ شد براے محمد اکبر سحر کردہ چند محل
اورا دفن کردہ بود دیدن او رفتم گفتم ترا چہ
زحمت است چوں سخت مزاحم شدم
گفت فلان سحر کردہ است و در فلان
محل و فلاں جا دفن کردہ ست نفراں
فرستادم آنجا عین بیرون آوردند دیگر
فرمودند آخرین ماہ رمضان کہ بعد آن نقل
کردہ است جلابے ہر شب میخوردی من
گفتم چرا بخوری این ترا مضر است۔
گفت حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا
فرمودند من درین ماہ رمضان ہر شب بر تو
خواہم بود ہرچہ میدانی بخور ترا مضرت نخواہد
بردو دیگر فرمودند یکے روز بمن گفت مرا فراشی
خطیرۂ قدس میدہند و این مقامی ست

مخدوم نے ارشاد فرمایا کہ کیا تم نے انھیں پہچانا
بھی ہے۔ عرض کیا کہ غلام کو یہ مقام کب حاصل ہو
کہ انکو پہچانے، ارشاد ہوا تو سنو جس دن توت
فروش کے بچے شیخو مردود نے جو اس سے پہلے
خدمت گاری کرتا تھا اور آخر راندہ درگاہ ہوا
محمد اکبر پر سحر کیا اس سحر کو چند مقامات پر دفن
کیا تھا۔ مین محمد اکبر کو دیکھنے گیا۔ مین نے پوچھا
تمکو کیا بیماری ہے۔ جب بہت اصرار کیا تو کہا کہ
فلاں نے سحر کیا ہے اور فلاں جگہ اسکو دفن کردیا
ہے۔ مین نے چند آدمی بھیجے خاص اسی جگہ سے
لوگ نکال کر لاے۔ حضرت مخدومؒ ارشاد فرماتے
تھے اس رمضان کے آخر مین جسکے بعد محمد اکبر نے
انتقال کیا ہے وہ ہر رات کو جلاب کھایا کرتے
تھے مین نے کہا کیون کھاتے ہو یہ تمہارے لئے
مضر ہے تو کہنے لگے کہ حضرت بی بی فاطمہ فرماتی ہین
کہ مین اس رمضان کے مہینہ مین ہر رات
تمہارے پاس رہونگی جو کچھ جی چاہے کھاؤ کوئی
مضرت نہ کرے گا ایک مرتبہ اور حضرت
مخدوم ارشاد فرماتے تھے کہ ایکدن مجھسے محمد اکبر
کہنے لگے کہ مجھکو خطیرہ قدس کی فراشی کا منصب
عطا کررہے ہین۔ خطیرہ قدس عرش کے نیچے
ایک مقام ہے۔ حضرت امیرالمومنین علی کرم اللہ
وجہہ بھی وہان کے عہدہ دار ہین اور حضرت

زیر عرش امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ
ہمانجا عہدہ دارند در خدمت شیخ فریدالدین
ہم آنجا اند گفتیم زنہار قبول نکنی آنگاہ مرا
خراب کنی بر روی گفت قبول کنم بل کردم
فرمودند من ہمان روز دانستم کہ این را نخواہند
گذاشت روز چہارشنبہ پانزدہم ماہ ربیع
الآخر سنہ ۸۱۲ھ اثنا عشر وثمان مایہ ازین
جہان دران جہان رحلت فرمودند ایشان را
حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ غسل دادند۔
می فرمودند من دو کس را غسل دادم یکے
حضرت خواجہ خود شیخ نصیر الدین رضی اللہ
عنہ بحکم وصیت ایشان دوم محمد اکبر را روزے
مولانا ابوالفتح پیش حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ
گذرانیدہ کہ من امشب مخدوم زادہ بزرگ
را در واقعہ دیدم ایشان مرا چنین ذکر تلقین
کردند حضرت مخدوم فرمودند عجب لطفے کہ
او را بر توست تحقیق ہمچنان است من
ان ذکر جز او دیگر کسی را تلقین نکردہ بودم
حضرت مخدوم ہر چہارشنبہ بزیارت
ایشان می رفتند و کندوری آنجا خرچ
میکردند مقام علاحدہ طریق جماعت خانہ ساخت
کنانیدہ بودند پیش قبر ایشان سر بر زمین
می آوردند و روش می داشتند

شیخ فریدالدین گنجشکر بھی ہان ہین مین نے محمد اکبر سے
کہا کہ ہرگز ہرگز قبول نہ کرنا۔ اگر تم نے قبول کرلیا
تو مجھکو خراب و برباد کرڈالوگے اس نے فوراً جواب
دیا کہ مین نے قبول کرتا ہون بلکہ قبول کرلیا۔ مین
اسی دن سمجھ گیا کہ اب وہ دنیا مین زیادہ دن نہ
رہین گے۔ چنانچہ چہارشنبہ پندرہوین جمادی
الثانی سنہ ۸۱۲ھ کو اس دنیا سے اس دنیا مین رحلت
فرماگئے۔ انکو حضرت مخدوم نے غسل دیا۔ ارشاد
فرماتے ہین کہ مین نے دو آدمیوں کو غسل دیا ہے
ایک بحسب وصیت اپنے پیر مرشد حضرت شیخ
نصیرالدین محمود کو دوسرے محمد اکبر کو۔ ایک
دن مولانا ابوالفتح نے حضرت مخدوم کی خدمت
مین گذارش کی کہ مین نے رات حضرت مخدوم
زادہ بزرگ کو عالم واقعہ مین دیکھا کہ مجھکو یہ
ذکر تلقین فرمایا ہے۔ حضرت مخدوم نے ارشاد
فرمایا تیرا ان کی عجیب مہربانی ہے۔ اس ذکر کو
مین نے انکے سوا کسیکو تلقین نہین کیا تھا۔
حضرت مخدوم ہر چہارشنبہ کو انکی زیارت کے
لئے تشریف لے جایا کرتے تھے۔ اور وہین دسترخوان
بچھوا کر کھانا کھلواتے تھے اور ذرا الگ ایک جگہ جماعت
خانہ کی طرح ایک مقام تیار کرایا تھا۔ انکی قبر
کے سامنے حضرت مخدوم زمین پر سر جھکا کر نذر
دیا کرتے۔ جسکو مجاور اٹھا لیا کرتے تھے اور فرمایا

مجاور را در ابر گرفتند و میفرمودند محمد اکبر
مستحق این است اگر من بغیر استحقاق میکنم
خود فردا ر قیامت چنگ ہمہ عارفان و
دامن من کتابہا بسیار تصنیف کردہ بودند
بدین تفصیل معارف عربی در علم نحو شرح
ملتقط کہ حضرت مخدوم در تفسیر نوشتہ اند شرح
آن عقیدہ پارسی رسالہ اباحت سماع رسالہ
اباحت پوشیدن کفش در مسجد مقامات
صوفیان عربی تصریف مالکی شرح سوانح
شرح مسألہ رسالہ فارسی در علم صرف ملفوظ حضرت
مخدوم رضی اللہ عنہ دو نسخہ یکے در دہلی و دوم
در گجرات و مخدوم زادہ بزرگ را کار خیر
در خانۂ ملک چھجو نبیسۂ حاتم خاں برادر سلطان
علاء الدین خلجی شدہ بود۔ ایشانرا یک پسر است
مخدوم زادہ میاں شاہ سیف اللہ و برائے
ایشاں عجوزہ مخدوم زادہ خرد کار خیر شدہ ست
و یک دختر بود برائے میاں کلمۃ اللہ کار خیر
شدہ بود۔ پسر دوم شیخ اعظم مقتدا و مکرم
محبوب اہل کتب و صحف جمال ملت
والدین سید یوسف المعروف۔ سید محمد اصغر
طارب ثراہ و حسن مثواہ فضایل ایشاں
از حیز تحریر و معرض تقریر متجاوز است
ہفت سالہ بودند، میگفتند بعضی صوفیاں

کرتے تھے کہ محمد اکبر ان باتوں کا مستحق ہے۔ اگر مین
بلا استحقاق یہ کرتا ہوں تو کل قیامت کے دن میرا
دامن اور تمام عرفا کا ہاتھ۔ مخدوم زادہ بزرگ نے
بہت سی کتابیں تصنیف کی تھین جنکی تفصیل یہ ہے
معارف عربی نحو مین ملتقط عقیدہ فارسی زبان
مین۔ رسالہ اباحت سماع۔ مسجد مین جوتا پہنے
کی اباحت مین ایک رسالہ۔ مقامات صوفیان عربی
زبان مین۔ تصریف مالکی۔ شرح سوانح۔ رسالہ
مسئلہ فارسی زبان۔ رسالہ علم صرف۔ ملفوظات
حضرت مخدومؒ دو نسخے ہین۔ ایک دہلی مین
لکھا تھا دوسرا گجرات مین۔ بڑے صاحبزادے
کا عقد حاتم خاں برادر سلطان علاء الدین خلجی کے
نواسہ ملک چھجو کے گھر مین ہوا تھا۔ آپ کے صاحبزادہ
میان سیف اللہ کا عقد نکاح مخدوم زادہ خرد کی لڑکی
سے ہوا۔ آپ کے ایک لڑکی بھی تھی جسکا نکاح
میان کلمۃ اللہ سے ہوا تھا۔

دوسرے مخدوم زادہ شیخ اعظم مقتدائے مکرم
محبوب اہل کتب صحف جمال الملۃ والدین سید
یوسف المعروف بہ سید محمد اصغر طاب ثراہ و حسن
مثواہ انکے فضائل تحریر و تقریر سے متجاوز ہین۔ سات

فارسی مین لفظ عجوزہ غالباً بجائے صبیہ لکھا ہے معلوم نہین کاتب
کی غلطی ہے یا اوس زمانہ کا محاورہ ہے ۔ ۲.

بیگویند ما خدا را می بینیم حضرت مخدوم
رضی اللہ عنہ خدای تبارک و تعالی
را بمن نمائید ہم ازان وقت در سلوک
شدند کشوفات و تجلیات جلالی و جمالی
نصیب ایشان شد و حقیقت اشیاء
کما ہی اشارت بران است برایشان
کشف شد روزے مولانا ابوالفتح
برایشان عرضہ داشت کہ والد این بندہ
یعنی مولانا علاء الدین گوالیری قدس
سرہ در نظر حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ بودند
مخدوم زادۂ بزرگ بندگی مخدوم برایشان لطف
و شفقت میفرمودند برین بندہ اگر مخدوم زادہ
خورد لطف کند و ازاں اسرار کہ از حضرت
مخدوم رضی اللہ عنہ نصیب شدہ چیزے
نصیب کنند مخدوم زادۂ خورد فرمودند مولانا
شیخ یعنی حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ در
باب شما تقصیر نمی کنند ہماں کافی است
مولانا ابوالفتح عرضہ داشت کرد فرمودند امروز
در جماعتخانہ باشید با تو چیزے خواہم گفت
بعد از نماز عصر از درون خانہ بیرون آمدند
پیش درگہ استادہ شدند فرمودند مولانا
ابوالفتح خدمت مولانا ابوالفتح شتاب رفتند
مخدوم زادۂ خورد فرمودند درون بیائید برابر

برس کی عمر مین حضرت مخدوم سے فرمایا کرتے
تھے کہ بعض صوفیہ کہتے ہین کہ ہم خدا کو دیکھا کرتے
ہین ہمکو دکھا دیجئے۔ اسی عمر سے آپ سلوک مین
مشغول ہوگئے اور کشوفات جلالیہ وجمالیہ آپ کو
حاصل ہوئین اور تمام اشیا کی حقیقت کما حقہ
آپ پر ظاہر ہوگئی۔

ایکدن مولانا ابوالفتح نے گذارش کی کہ اس
غلام کے والد مولانا علاء الدین گوالیری قدس
سرہ حضرت مخدوم کے منظور نظر تھے۔

اور بندگی مخدوم کے بڑے صاحبزادے بھی
ان پر عنایت فرماتے تھے، اگر اس غلام پر چھوٹے
مخدومزادے شفقت فرمائین اوران اسرار سے
جو حضرت مخدوم رض نے ارشاد فرمایا۔ تھوڑا سا مجھے
بھی حصہ عطا فرمائین تو عین بندہ نوازی ہو حضرت
مخدومزادہ خورد نے ارشاد فرمایا مولانا صاحب
حضرت شیخ یعنی بندگی مخدوم رض آپ کے حق مین
کمی نہین فرماتے ہین یہی کافی ہے۔ مولانا ابوالفتح
نے پھر گذارش کی۔ ارشاد فرمایا کہ آج تم جماعت
خانہ مین رہنا تم سے کچھ کہونگا۔ بعد نماز عصر گھر
سے باہر تشریف لائے اور درگاہ کے سامنے
کھڑے ہوکر مولانا ابوالفتح کو آواز دی۔ مولانا
فوراً حاضر ہوئے۔ فرمایا اندر آؤ۔ ساتھ لئے ہوئے
کوٹھے پر جاکر چھجہ پر بیٹھ گئے اور وہ ذکر جس سے

خود کردہ بالاے بام رفتند در حجرہ نشستند
بعدہ ایشاں را ذکرے بجہت کشف حقیقت
ہر شے تلقین کردند خدمت مولانا ابوالفتح از اں
اسرارہا بسیار دیدند خدمت مخدوم زادہ
میاں ید اللہ طال عمرہٗ میفرمودند گاہ گاہے
در مقام مشغولی مخدوم زادہ خورد میرفتم ناگاہ
آں مقام مملو بذات ایشاں میدیدم باز
ناگاہ ایشانرا ہمانجا نشستہ میدیدم
یکباری خدمت مخدوم زادہ خورد بالائے بام
مشغول بودند ناگاہ مخدوم زادہ میاں یمین الرحمٰن
بالا بام رفتند و برعادت خردگان چیزے
بازی میکردند و آواز بلند برداشتند خدمت
مخدوم زادہ خورد را تفرقہ شد فی الحال میاں
یمین الرحمٰن را برگرفتند و از بالاے بام
بر زمین زدند در صحن خانہ شور شد خلق خانہ
دویدند ۔ میاں یمین الرحمن را برداشتند
اصلا جاے زخم نرسیدہ جراحتے نشدہ
از صحبت خلق بکلی تنفر داشتند بیشتر در خلوت
می بودند بر اسپ و پالکی سوار نمی شدند در
مسجد جامع پیادہ میرفتند و دست بکسے نمیدادند
و بیشتر وقت در طرف نمازگہ و حوض تنہا
می رفتند مشغول می شدند و دو نفر یار بودند از
پیوستگان حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ

ہر شے کی حقیقت کا کشف ہوتا ہے۔ تلقین فرمایا
مولانا ابوالفتح نے اس سے بہتیرے اسرار دیکھے۔
حضرت مخدوم زادہ میاں ید اللہ طال عمرہ فرماتے
تھے کہ کبھی کبھی مین مخدوم زادہ خورد کی مشغولی
کی جگہ مین چلا جایا کرتا تھا۔ کبھی اس جگہ کو آپ
کی ذات سے بھرا ہوا دیکھتا تھا۔ اور پھر آپ کو
اسی جگہ بیٹھا ہوا بھی دیکھتا تھا۔ ایک مرتبہ چھوٹے
مخدوم زادہ مشغول بحق تھے کہ اتفاقاً مخدوم زادہ
میاں یمین الرحمٰن کوٹھے پر چلے گئے اور عام لڑکوں
کی طرح کھیل مین بلند آواز سے بولنے لگے جس
سے حضرت مخدوم زادہ کی مشغولیت مین خلل
پڑا اور آپ نے میاں یمین الرحمٰن کو کوٹھے سے
نیچے پھینکدیا۔ گھر مین شور ہو گیا۔ لوگ دوڑے
میاں یمین الرحمٰن کو اٹھایا نہ کہین چوٹ تھی نہ
زخم۔ صحبت خلق سے قطعی نفرت تھی۔ خلوت
مین رہا کرتے تھے۔ گھوڑے پالکی پر سوار نہ ہوتے
تھے۔ جامع مسجد پیادہ پا جاتے تھے۔ بیعت کے
لئے اپنا ہاتھ کسی کے ہاتھ مین نہین دیتے تھے۔
اکثر اوقات نماز پڑھنے کی جگہ اور حوض کیطرف تنہا
جاتے اور مشغول رہتے۔ دو آدمی آپ کے یار
تھے۔ جو حضرت مخدوم کے مرید اور خوش گلو تھے
وہ پیچھے پیچھے چلتے اور دور بیٹھے رہتے تھے۔ کبھی کبھی
مخدوم زادہ خرد انکو بلاتے اور اسنے سرود اور

خوش الحان بودند عقب شده می رفتند ودو
می نشستند گاه گاہے مخدوم زادہ خورد ایشانرا
می طلبیدند و از ایشان سرودی و غزلی
می شنیدند باز می رفتند و مشغول می شدند
و ایشان را برابر گرفته باز می گشتند۔ مخدوم
زادہ خورد را کار خیر در خانہ علاء الدین سید اصل
دھلی شده بود ایشان را ہفت پسر بودند۔
پسر بزرگ مخدوم زادہ مقبول حضرت
اللہ میاں ید اللہ طال عمرہٗ بعد از ان میاں
یمین الرحمن و میاں یمین اللہ و میاں اللہ و
میاں باللہ و میاں من اللہ و میاں صبغت اللہ
الغرض برای میاں ید اللہ دختر میاں سالار
کار خیر شده بود و برای میاں یمین الرحمن دختر
قاضی راجا و میاں یمین اللہ و میاں باللہ رحمت
حق پیوسته بودند حق تعالی باقی ماندگانرا
عمر دراز دہد و مخدوم زادہ خرد اعنی محمد اصغر را
یک دختر بود که برای مخدوم زادہ میاں صفیر اللہ
ولد محمد اکبر را کار خیر شده بود خدمت مخدوم زادہ
میاں ید اللہ را ہم از خوردگی آثار قبولیت
و نجابت ظاہر بود ہم از آں حضرت مخدوم رضی اللہ
عنہ ایشاں را گاہ گاہ قبولا می گفتند در انکہ
خدمت مخدوم بی بی را مرض موت شد حضرت
مخدوم رضی اللہ عنہ میاں ید اللہ را فرمودند

اور غزل سنتے تھے۔ سماع کے بعد پھر آپ چلے جاتے
اور مشغول بحق ہو جاتے اور پھر جب لوٹتے تو
ان لوگوں کو ہمراہ لئے واپس تشریف لاتے
حضرت مخدوم زادہ خرد کی شادی سید علاء الدین
کے یہاں ہوئی تھی جو دہلی کے جلیل القدر سادات
میں تھے، آپ کی سات لڑکیاں ہوئیں بڑے
مخدوم زادہ مقبول[1] حضرت اللہ میاں ید اللہ طال
عمرہ تھے ان کے بعد میاں یمین الرحمن پھر میاں
یمین اللہ۔ میاں للہ میاں باللہ میاں
من اللہ میاں صبغۃ اللہ رضی اللہ عنہم۔
الغرض میاں ید اللہ سے میاں سالار کی لڑکی بیاہی
گئی تھی میاں یمین الرحمن سے قاضی راجا کی
لڑکی میاں یمین اللہ و میاں باللہ وصال فر
فرما گئے۔ حق تعالیٰ باقی صاحبزادوں کی عمر
دراز فرمائے۔
مخدوم زادہ خرد میاں محمد صغر کے ایک لڑکی تھی تھیں
جو مخدوم زادہ میاں صفیر اللہ ولد محمد اکبر کے
نکاح میں آئیں۔ حضرت مخدوم زادہ میاں ید اللہ
میں لڑکپن ہی سے آثار قبولیت و نجابت و
شرافت ظاہر تھے، اسی وجہ سے حضرت

[1] انکا لقب حضرت قبول اللہ حسینی تھا اور حضرت بندہ
نواز گیسو دراز کے بعد آپ ہی خلیفہ و صاحب سجادہ ہوئے۔

یداللہ برو مشغول شو و دریاب کہ عاقبت مرض ایشان چیست۔ میاں یداللہ عرضہ داشتند ایشان را بیشتر حیات نیست بعد چند روز ممات یافتند حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ در خلوت میاں یداللہ را اذکار و مراقبات تلقین میکردند و می گفتند این را بکسے نگوے بعدہ میاں یداللہ عرضہ داشتند کہ بمولانا ابوالفتح بگویم یا نہ فرمودند او را بگوئی پدر تو و محمد اکبر پدر او حسینی مولانا علاء الدین گوالیری محبت بسیار داشتند۔ ہیچ از وے پوشیدند تو ہم از وے ہیچ مپوش ہم ازاں خدمت میاں یداللہ و خدمت مولانا ابوالفتح بالائے بام مقام قاضی سراج الدین بیشتر یکجا مشغول بودند و یکبارگی خدمت مولانا ابوالفتح بر مخدوم زادہ خورد نشستہ بودند حضرت مخدوم فرمودند مولانا ابوالفتح با یداللہ یکجا مشغول باشی یداللہ اگرچہ خورد ست از ما ست بعدہ این بیت خواندند ؎

بچہ بط اگرچہ دینہ بود
آب دریا بسش تا بسینہ بود

حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ را سہ دختر

مخدوم کبھی کبھی قبولاً[1] ارشاد فرمایا کرتے جس وقت مخدوم بی بی کو مرض موت لاحق ہوا تو حضرت مخدوم نے ارشاد فرمایا۔ میاں یداللہ جاؤ اور مشغول بحق ہو اور معلوم کرو کہ انکے مرض کا کیا انجام ہوگا۔ میاں یداللہ نے عرض کیا کہ انکی حیات زیادہ نہیں ہے چنانچہ تھوڑے دن کے بعد انکا انتقال ہوگیا۔ حضرت مخدوم میاں یداللہ کو خلوت میں اذکار۔ مراقبات کی تلقین فرمایا کرتے اور ارشاد فرماتے کہ اسکو کسی سے نہ بتانا میاں یداللہ نے گذارش کی کہ مولانا ابوالفتح سے کہوں یا نہ کہوں حضرت نے ارشاد فرمایا انسے کہدینا تمہارے باپ اور محمد اکبر انکے باپ مولانا علاء الدین گوالیری سے بہت محبت کرتے تھے اور انسے کچھ بھی نہ چھپاتے تھے۔ تم بھی انسے نہ چھپاؤ۔ اسی الفت کیوجہ سے میاں یداللہ اور حضرت مولانا ابوالفتح اکثر دونوں قاضی سراج الدین کے جائے قیام پر یکجا مشغول بحق رہا کرتے تھے

---

[1] حضرت بندگی میاں سید یداللہ حسینی کے ملفوظات میں درج ہے کہ حضرت بندہ نواز نے اپنی تمام اولاد کو بارگاہ حضرت جل وعلیٰ میں پیش فرمایا وہاں سے شرف قبولیت میاں یداللہ حسینی کو بخشا گیا اسلئے آپکا عرف قبول اللہ قرار پایا۔ اسی وجہ

[2] بی بی فاطمہ ستی۔ بی بی بتول۔ بی بی امۃ الدین

بودند دختر بزرگ بی بی فاطمہ عرف ستی بی بی
بحوالہ میاں ابن الرسول پسر میانگی سید
چندن برادر حضرت مخدوم رضی اللہ عنہما
بخدمت سید چندن را چہار پسر بودند و
دو دختر۔ پسر بزرگ سید احمد و ایشان را
یک پسر بود سید اصغر نام دوم پسر سید
ابن الرسول و ایشان را از دختر حضرت مخدوم
رضی اللہ عنہ یک پسر بود میاں مثال اللہ
کار خیر ایشاں در خانہ نصیر خاں شدہ بود بعد
چند روز ہر دو نقل کردند۔ فرزندے بنت
چہار دختر بود یکے در خانہ سید زین العابدین
و یکے در خانہ سید عبد الحلیم و یکے در خانہ
سید فضل اللہ و یکے در خانۂ قرابت سید
رسول سید علی را دو پسر بودند یکے یوسف
دوم سید جلال ولد شاہ علی برج العاشق
ولدہ شاہ فضل اللہ داماد بی بی فاطمہ بنت
حضرت مخدوم ولدہ شاہ محمود نبسۂ بی بی
فاطمہ و شاہ محمود داماد شاہ یداللہ نام
زن شاہ محمود بی بی منۃ اللہ بنت بی بی حجۃ
ہمشیرۂ شاہ کلمۃ اللہ بن بی بی بتول بنت
حضرت مخدوم و سیوم پسر سید
چندن سید پیر رسول نام داشتہ و چہارم
پسر سید پیر رسول نام داشتہ و چہارم

ایکمرتبہ حضرت مولانا ابو الفتح و مخدوم زادہ خرد
بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت مخدوم نے ارشاد فرمایا
مولانا ابو الفتح یداللہ کے ساتھ ایک ہی جگہ مشغول
رہا کرو۔ یداللہ اگرچہ عمر مین تم سے چھوٹے ہین
مگر میرے ہین اسکے بعد آپ نے یہ شعر پڑھا ؎

بچہ بط اگرچہ دینہ بود
آب دریاش تا بسینہ بود

حضرت مخدوم کے تین لڑکیاں تھین بڑی
صاحبزادی بی بی فاطمہ عرف ستی بی بی میان
ابن الرسول منجھلے صاحبزادہ سید چندن
برادر مخدوم کے نکاح مین تھین۔ حضرت سید
چندن کے چار صاحبزادے اور دو صاحبزادیان
تھین۔ سب سے بڑی سے صاحبزادہ سید
ابن الرسول تھے۔ آپ کے حضرت مخدوم کی
صاحبزادی سے ایک لڑکا ہوا جسکا نام میان
مثال اللہ تھا۔ جسکی شادی نصیر خان کے
گھر مین ہوئی تھی۔ تھوڑے دن کے بعد دونون
انتقال کر گئے۔ اور اون سے کوئی لڑکا نہیں ہے
صرف چار صاحبزادیان۔ ایک سید زین العابدین

بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۲۷
سے حضرت بندہ نواز پیار مین آپکو قبولا کہا کرتے
تھے ۱۲

پسر سید بعض رسول یکدختر سید جیندن
بنت رسول نام درخانۂ سید جیون حق بود
ازان دو پسر بودند سید کبیر الدین و سید
فخر الدین و ایشان در دہلی اند دوم دختر سید
جیندن تاخاتون نام داشت درخانہ بود و دختر
میانگی حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ بی بی بتول را
بحوالہ سید سالار بود و ایشانرا دو پسر بودند
میان کلمۃ اللہ و کارخیر ایشان درخانۂ مخدوم
زادۂ بزرگ شدہ بود۔ و میاں روح اللہ
کہ ایشانرا از سلطان احمد خطاب دولتخان
شدہ بود و این ہر دو برادر فرزندان
نہ اند و میاں سالار را سہ دختران بودند یکے
بحوالہ شمس الدین و یکے بحوالہ میاں عبد اللہ
پسر سید ابو المعالی خسر بودہ حضرت مخدوم
رضی اللہ عنہ و درخانۂ میاں عبد اللہ پسر
شدہ بود۔ درانکہ تولد آں پسر می شد
خیلے تعلق سبب درد زہ بود۔ حضرت
مخدوم رضی اللہ عنہ یعنے یارانرا فرمودند
بروید مشغول شوید دریابید کہ عاقبت کار این
چیست از انجملہ شیخ نبیسنا ابو الفتح ہم بودند
ایشان رفتند مشغول شدند آخر شب
در واقعہ کسے بر ایشان گفت کہ درخانۂ
میاں عبد اللہ پسر تولد شد ایشان در

گھر میں دوسری سید عبد الحلیم کے گھر میں تیسری
سید فضل اللہ کے گھر میں چوتھی سید رسول کے
فرا ہمند کے گھر میں بیاہی گئیں سید علی کے دو
لڑکے تھے ایک سید یوسف دوسرے سید جلال
اونکے صاحبزادہ شاہ علی برج العاشق اونکے صاحبزادہ
شاہ فضل اللہ داماد بی بی فاطمہ بنت حضرت
مخدومؓ اونکے صاحبزادہ یعنی حضرت مخدوم کی
صاحبزادی کے نواسہ شاہ محمود یعنی صاحب شاہ
محمود میاں بیر اللہ کے دادا تھے ان کی زوجہ
مطہرہ کا اسم گرامی نعمۃ اللہ بنت بی بی حجۃ ہمشیرہ
شاہ کلمۃ الدین بی بی بتول بنت حضرت مخدومؓ
تیسرے لڑکے سید جیندن کا پیر رسول نام تھا۔
چوتھے کا سید بعض رسول۔ ایک لڑکی سید جیندن
کی بنت رسول نامی سید جیون حق کے گھر میں
بیاہی تھیں ان سے دو لڑکے سید کبیر الدین اور
سید فخر الدین ہوئے۔ یہ لوگ دہلی میں ہیں۔
دوسری لڑکی سید جیندن کی تاخاتون نامی گھر میں
تھیں منجھلی صاحبزادی حضرت مخدومؓ کی بی بی بتول
سید سالار کے نکاح میں تھیں انکے دو لڑکے تھے
ایک میاں کلمۃ اللہ جن کی شادی صاحبزادہ بزرگ
کے گھر میں ہوئی تھی، دوسرے میاں روح اللہ انہیں
سلطان احمد بہمنی کی طرف سے دولتخاں کا خطاب ملا تھا
یہ دونوں بھائی لاولد تھے میاں سالار کے تین

حال آمدند پیش حضرت مخدوم گذرانیدند
و بر میاں عبداللہ گفتند الغرض کیفیت
تمام گفتند۔ ہماں کہ نفرے از درون
دویدہ آمد گفت پسر زادند ہمہ خوش
شدند۔ حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ
برایشاں مرحمت بسیار کردند ویکے در حبالۂ
مخدوم زادہ میاں یداللہ۔ دختر سیوم حضرت
مخدوم بی بی امۃ الدین بحوالہ میاں بعض رسول
پسر سید جنیدن بودند و از ایشاں یک دختر
بود رضی اللہ تعالے عنہا۔

لڑکیاں تھیں۔ ایک لڑکی میاں شمس الدین سے اور ایک
لڑکی میاں عبداللہ پسر سید ابو المعالی سے بیاہی
گئی۔ سید ابو المعالی حضرت مخدومؓ کے سالے تھے
میاں عبداللہ کے گھر میں لڑکا ہوا تھا اسکی ولادت
میں شدید درد زہ ہوا جس سے بہت ہی تعلق خاطر پیدا
ہوگیا تھا۔ حضرت مخدوم نے بعض مریدین سے ارشاد
فرمایا کہ جاکر مشغول بحق ہوں اور اس ولادت کا
انجام دریافت کریں ان مریدین میں مولنٰا
ابو الفتح بھی تھے، سب لوگ جاکر مشغول بحق ہوئے
آخر شب میں کسی نے مولانا ابو الفتح سے عالم واقعہ
میں کہا کہ میاں عبداللہ کے گھر میں لڑکا پیدا ہوا۔
وہ اسی وقت حاضر خدمت ہوے اور حضرت مخدوم سے
کل واقعہ بیان کیا عالم واقعہ کی ساری کیفیت میاں
عبداللہ سے بھی بیان کی اوسی وقت ایک آدمی
دروازہ سے دوڑا ہوا آیا اور لڑکا پیدا ہونے کی
اطلاع دی سب لوگ خوش ہوے حضرت مخدوم نے
مولانا ابو الفتح پر بہت شفقت و مہربانی فرمائی میاں
سالار کی ایک لڑکی حضرت مخدوم زادہ میاں یداللہ سے
بیاہی گئی تھی۔ حضرت مخدوم کی تیسری صاحبزادی
بی بی امۃ الدین میاں بعض رسول پسر سید جنیدن
کے نکاح میں آئیں اونکے بطن سے صرف ایک لڑکی
تھی رضی اللہ عنہا۔

شجرہ

ناظرین کی آسانی کے لئے تفصیل قرابت حضرت بندہ نوازؒ مندرجہ متن سے تیار کرکے اس مقام پر شجرہ کی شکل میں درج کیا جاتا ہے۔

حضرت سید یوسف رحمۃ اللہ علیہ

- حضرت سید چندن
  - (۱) سید احمد
    - سید اصغر
  - (۲) سید ابن رسول زوجہ بی بی فاطمہ
    - (۱) دختر زوجہ شاہ فضل اللہ
    - (۲) میاں فضل اللہ زوجہ دختر نصیر خان
      - (۱) دختر زوجہ زین العابدین
      - (۲) دختر زوجہ سید عبد الحلیم
      - (۳) دختر زوجہ سید فضل اللہ
      - (۴) دختر سید رسول کے خاندان میں بیاہی گئیں
  - (۳) سید پیر رسول
  - (۴) سید بعض رسول
  - (۵) بنت رسول زوجہ سید جیون حق
    - سید کبیر الدین
    - سید فخر الدین
  - (۶) تاج خاتون

- سید علی
  - (۱) سید یوسف
  - (۲) سید جلال
    - شاہ علی برہان العاشق
      - شاہ فضل اللہ

- حضرت سید محمد گیسو دراز بندہ نوازؒ
  - (۱) سید محمد اکبر زوجہ دختر ملک بہجو نبیسہ حاتم خاں برادر سلطان علاء الدین خلجی
    - میاں سیف اللہ زوجہ دختر سید محمد اصغر
    - دختر زوجہا میاں کلمۃ اللہ
  - (۲) سید محمد اصغر زوجہ دختر سید علاء الدین دہلوی
    - (۱) میاں ید اللہ زوجہ دختر میاں سالار
    - (۲) میاں حبیب الرحمن زوجہ دختر قاضی رابعہ
    - (۳) میاں یمین الدین
    - (۴) میاں للّٰہ
    - (۵) میاں بااللہ
    - (۶) میاں من اللہ
    - (۷) میاں صبغۃ اللہ
    - (۸) دختر زوجہ میاں سیف اللہ
  - (۳) بی بی فاطمہ عرف ستی بی بی زوجہا میاں ابن الرسول
  - (۴) بی بی بتول زوجہا سید سالار
    - (۱) میاں کلمۃ اللہ
    - (۲) میاں روح اللہ
    - (۳) دختر زوجہا میاں شمس الدین
    - (۴) دختر زوجہا میاں عبد اللہ پسر ابوالمعالی
    - (۵) دختر زوجہا میاں ید اللہ
  - (۵) بی بی امۃ اللہ زوجہ سید بعض رسول
    - دختر

باب هفتم

در ذکر خلفاء حضرت مخدوم رضی الله عنه از فرزندان وغیرہم آوردہ اند که اوّل خلافت شیخ علاؤ الدین گوالیری یافت دانشمند ذو فنون بودند تحصیل علوم ظاهر بر حضرت قاضی عبد المقتدر و شیخزاده و شهاب الدین علی کرده بودند و تحصیل علوم باطن بر حضرت مخدوم رضی الله عنه در ابتدا احوال در مجلس سلطان محمد داشتند و تولیت و فتوی قصبه گوالیر خیلها نه ایشان بسیار بود کاتب این سیر محمدی برابر حضرت مخدوم رضی الله عنه در گوالیر آمده بود همه را دیده و قضا و احتساب هم در خانهٔ ایشان بود دستگاه دنیاوی بیشتر داشتند چون بحضرت مخدوم پیوستند وجه و عهده ترک داده فقر اختیار کردند و متوکل شدند بیشتر گوالیر و جبا نذیر در کوهها و خرابه ها مشغول می بودند صوم دوام داشتند دوگان چهارگان طے میکردند در آخرین ماه رمضان که بعد ازان رحلت فرمودند در تمام ماه سه افطار کرده بودند پیش از نقل چهارده ماه خبر کرده بودند که نقل من در فلان وقت خواهد بود، پنجگان ششگان ماه نان خورش

باب ساتوان

حضرت مخدوم کے خلفاء صاحبزادے وغیرہ کے بیان مین۔

لوگ کہتے ہین کہ سب سے پہلے خلیفہ مولانا علاؤ الدین گوالیری تھے جو عالم اور متعدد علوم و فنون سے واقف تھے علم ظاہری کی تحصیل آپ نے مولانا عبد المقتدر سے شیخ زادہ شہاب الدین علی سے کی تھی اور علم باطن کی تحصیل حضرت مخدوم رضی الله عنه سے کی۔ ابتدا مین سلطان محمد کو پڑھاتے تھے۔ تولیت فتویٰ نویسی قصبہ گوالیر کی انکے تعلق تھی۔ انکا خاندان اور ساز و سامان بہت تھا۔ کاتب سیر محمدی حضرت مخدوم کے ہمرکاب گوالیر گیا تھا اور ان سب کو وہین دیکھا تھا۔ عہدہ قضا احتساب بھی انہین کے گھر مین تھا دنیاوی ثروت بہت زائد تھی۔ جب حضرت مخدوم کے مرید ہوئے تو وجہ معاش و عہدے سب ترک کرکے فقر و درویشی اختیار کرلی۔ متوکل ہوگئے مدت تک گوالیر۔ جبا نذیر اور پہاڑون اور ویرانون مین مشغول رہتے۔ ہمیشہ روزے سے رہتے، دو دو دن اور چار چار دن طے کے روزے رکھتے تھے۔ آخر مہینہ رمضان مین جس کے بعد وصال کیا پورے مہینہ رمضان مین صرف تین دن افطار کیا تھا۔ انتقال سے چودہ مہینے

ہمی خوردند۔ استغراق باحق کلی داشتند
ایشاں را کشف القبور و کشف ارواح و
ملاقات با مردمان غیب بود بسیار خارق
عادت از ایشاں ظاہر بود در آخر شعبان
سنہ ۸۰۱ھ احدی و ثمانمایۃ حضرت مخدوم رضی
اللہ عنہ ایشاں را خلافت دادند چوں گوالیر را
کافران گرفتند با فرزندان در کالپی آمدند
سکونت گرفتند و ہمانجا در آخر محرم
سنہ ۸۲۴ھ اربع و عشرین ثمانمایۃ بحضرت حق
پیوستہ قدس اللہ سرہٗ و در وقت وداع
ایشان حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ ایشانرا
فرمودہ بودند کہ قاضی نور الدین اجہودھنی و
مولٰنا معین الدین توہانی را من اجازت
کردہ ام و خلافت دادہ از جہت من مثال
برائے ایشان بنویس بفرستی و ایشان
ہر دو مردمان دانشمند و مشغول و صاحب
حال بودند بعد ازان شیخ صدر الدین
خوندمیر خلافت یافتند سکونت ایشان در
قصبۂ ایرچہ پور بود۔ پدر و جد ایشان شیخ الاسلام
ایرچہ بودند بسیار دیہات در وجہ خود
و در وجہ لنگر داشتند و در قصبہ مذکور ایشان
را اعتبار تمام بود۔ اوایل سنہ ۸۱۰ھ عشر و
ثمانمایۃ بتقبیل پابوس حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ

پہلے خبر کردی تھی کہ فلان وقت میرا انتقال
ہوگا۔ پانچ پانچ مہینے چھ چھ مہینے سالن نہین کھاتے
تھے اللہ تعالے کے ساتھ استغراق کلی رکھتے تھے
آپ کو کشف قبور کشف ارواح غیبی لوگوں سے
ملاقات کثرت سے حاصل تھی۔ خوارق عادات
کرامات آپ سے بہت ظاہر ہوتی تھین آخر شعبان
کے مہینے سنہ ۸۰۱ھ مین حضرت مخدوم نے آپ کو
خلافت عطا فرمائی۔ جب گوالیر کو کافروں نے
لیلیا تو کالپی چلے آئے وہاں سکونت اختیار کرلی
وہین آخر محرم سنہ ۸۲۴ھ مین رحلت فرمائی قدس اللہ
سرہٗ۔ انکو جب حضرت مخدومؓ نے رخصت فرمایا
تو ارشاد فرمایا تھا کہ قاضی نور الدین اجہودہنی
مولانا معین الدین توہانی کو مین نے اجازت دی
ہے اور اس کے ساتھ خلافت بھی دی ہے اُنکے
لئے فرمان خلافت لکھدو اور بھیجدو یہ دونون
صاحب عالم مشغول صاحب حال تھے۔
اسکے بعد شیخ صدر الدین خوندمیر نے خلافت
پائی ان کی سکونت قصبہ ایرچہ پور مین تھی انکے
والد دادا ایرچہ کے شیخ الاسلام تھے۔ بہت
سے دیہات اپنی معاش مین اور لنگر کے خرچ کے
لئے رکھتے تھے۔ قصبہ مذکور مین ان کے خاندان
کا اعتبار اعزاز بہت تھا۔ سنہ ۸۱۰ھ کے اول مین
گلبرگہ حضرت مخدومؓ کی پابوسی کے لئے تشریف

درگلبرگہ آمدند چند گاہ در نظر حضرت مخدوم بودند
و تربیت برگرفتند و تلقین ذکر و مراقبہ
شدند و در وقت وداع حضرت مخدوم
رضی اللہ عنہ ایشانرا خلافت دادند بعد ازان
خدمت قاضی اسحاق محمد خلافت یافتند دانشمند
بودند و سبق میگفتند و فتوی قصبہ چھیترہ
داشتند پدر وجد ایشان نیز مفتی بودند
خیلخانۂ ایشانہم بسیار بود ہمہ اہل علم و فضل
بودند در آخر سنہ عشر و ثمانمائۃ بر حضرت
مخدوم در گلبرگہ رفتند خیلی تربیت و ارشاد
گرفتند و نیکو مشغول شدند وقت
وداع حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ ایشانرا
خلافت دادند بعد ازان قاضی سلیمان محمد
برادر قاضی اسحاق خلافت یافتند و ایشان
نیز اہلیت تمام داشتند و بیشتر در کوہہا
و صحرایہا مشغول می بودند بعدہٗ خدمت
قاضی اسحاق قصد گلبرگہ کردند چند گہ
آنجا در نظر حضرت مخدوم بودند تلقینات
یافتند و در وقت وداع حضرت مخدوم
رضی اللہ عنہ ایشانرا نیز خلافت دادند بعد
ازان خدمت قاضی علیم الدین بن شرف
از اقارب قاضی شاد اجھو دہنی خلافت یافتند
او مردی اہل علم و صلاح بود چند گاہ

لائے تھے۔ چند دنوں حضرت مخدومؒ کی حضوری
مین حاضر رہے اور تربیت حاصل کی۔ ذکر مراقبہ
مین مشغول رہتے۔ رخصت کے وقت حضرت مخدومؒ
نے خلافت سے سرفراز فرمایا۔ اس کے بعد حضرت
قاضی اسحاق محمد نے خلافت پائی یہ عالم تھے اور
سبق پڑھایا کرتے تھے اور فتوی نویسی قصبہ چھیترہ
کی کیا کرتے تھے۔ ان کے دادا بھی مفتی تھے۔ انکا
گھرانا بھی بہت بڑا تھا اور سب اہل علم و فضل ہوئے
ہین۔ آخر سنہ ۸۱۰ھ مین حضرت مخدومؒ کے پاس
گلبرگہ تشریف لے گئے اور بہت کچھ تربیت و ارشاد
حاصل کیا اور اچھی طرح سے مشغول بحق ہو گئے
حضرت مخدومؒ نے رخصت کرتے وقت انکو خلافت
عطا فرمائی۔ اسکے بعد قاضی محمد سلیمان۔ قاضی اسحاق
کے بھائی نے خلافت پائی۔ ان کے بھی بہت اہلیت
تھی اور زیادہ تر پہاڑوں اور ویرانوں مین
مشغول بحق رہتے تھے۔ اس کے بعد قاضی اسحاق
نے گلبرگہ آنے کا قصد و ارادہ کیا۔ چند مہینے حضرت
مخدوم کی خدمت مین پیش نظر فیض اثر رہے تلقینات
حاصل کین رخصت کے وقت ان کو بھی حضرت
مخدوم نے خلافت عطا فرمائی۔ اسکے بعد قاضی
علیم الدین بن شرف نے جو قاضی شاد اجھو دہنی کے
عزیز قریب تھے۔ خلافت پائی۔ وہ صاحب علم اور
بڑی صلاحیت کے آدمی تھے۔ حضرت مخدوم رضی اللہ

صحبت و تربیت حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ
و مخدومزادگان بود و تلقین و ارشاد گرفتہ
بود وقت وداع در سنہ ۸۱۱ احد و عشر و ثمانمائہ
حضرت مخدوم رضی اللہ او را خلافت دادند
بعد ازان خدمت مخدومزادہ بزرگ یعنی
محمد اکبر رضی اللہ عنہ در آخر سنہ ۸۱۱ احدی
عشر و ثمانمائہ خلافت و نہالچہ خود دادند و
مقابلہ خود در جماعت خانہ بر نہالچہ نشاندند و
ہمہ یاران را فرمودند بر ایشان روش
برید چنانچہ پیش من آرید ہمچنان پیش او بیارید
یاران ہمچنان کردند بعد این قصہ موازنہ
ہفت ماہ ازین سرائے فانی بدان سرائے
باقی رحلت فرمودند بعد ازان خدمت سید
ابو المعالی خلافت یافتند خسر پورہ حضرت
مخدوم رضی اللہ عنہ و خادم بودند دانشمند
و مشغول و تارک دنیا بودند بعد ازان خدمت
خواجہ احمد دبیر خلافت یافتند در ابتدا ر حال
عہدہ دبیری سلطان فیروز بادشاہ گلبرگہ
داشتند و جہ او استقامت میان حشم
بود چون سنہ ۸۰۶ ست و ثمانمائہ شیخ علاء الدین
گوالیری برائے پابوس حضرت مخدوم
رضی اللہ عنہ در گلبرگہ آمدند پیش حضرت
مخدوم فصوص آغاز کردند و دانشمندانیکہ

تعالےٰ عنہ اور مخدوم زادون کی خدمت مین کچھ عرصہ
تک رہی اور تلقین و ارشاد حاصل کی سنہ ۸۱۱ھ مین انھین
بھی حضرت مخدوم نے رخصت کرتے وقت خلافت
عطا فرمائی۔ اسکے بعد حضرت مخدومزادہ بڑے سید محمد
اکبر نے سنہ ۸۱۱ھ کے آخر مین خلافت پائی۔ حضرت
مخدوم نے خود اپنا نہالچہ عطا فرمایا اور جماعت خانہ
مین اپنے روبرو نہالچہ پر بٹھایا اور تمام مریدین جو
موجود تھے ان سے ارشاد فرمایا انکو اسطرح نذر
دو جیسے میرے سامنے لاتے ہو۔ سب نے حکم کی
تعمیل کی۔ اس قصہ کے بعد تقریباً سات مہینہ
گذرنے پر مخدوم زادۂ بزرگ نے وصال فرمایا
اس کے بعد سید ابو المعالی نے خلافت پائی۔ یہ
حضرت مخدوم کے سالے تھے اور خادم۔ عالم مشغول
تارک الدنیا تھے۔ اس کے بعد خواجہ احمد دبیر نے
خلافت پائی۔ ابتداء حال مین سلطان شاہ فیروز
بادشاہ گلبرگہ کی سلک ملازمت مین آپ منشی دبیر
تھے اور سررشتۂ فوج مین ملازم تھے۔ سنہ ۸۰۶ھ مین
جب مولانا شیخ علاء الدین گوالیری قدمبوسی مخدوم
کے لئے گلبرگہ حاضر ہوئے اور حضرت مخدوم کی خدمت
اقدس مین انھوں نے فصوص[1] پڑھنی شروع کی۔ تو
علماء نے جو سلطان شاہ فیروز کے ہر وقت ساتھ
رہتے تھے۔ بادشاہ سے یہ کہدیا کہ فصوص مین مصنف

[1] یعنی فصوص الحکم یہ محی الدین بن العربی کی کتاب کا نام ہے

ملازمت با سلطان فیروز داشتند بر
سلطان گفتند سخن نصوص مشیر محل منحرف
از شریعت است حضرت مخدوم در آنحل چہ
می گویند کس در مجلس ایشان برود حاوی
شود اینجا باید بگوید خواجہ احمد دبیر را
اختیار کردند خواجہ احمد دبیر عوارف بدست
گرفت پیش حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ
آمد التماس خواندن کرد حضرت مخدوم
فرمودند برو پیش محمد اکبر بخوان خواجہ احمد
گفت معنی ظاہر تر ہر کسے بندہ را معلوم
است فرمودند پس چہ حاجت است کہ
بخوانی باز گرد باز گشت پیش در نشستہ ماند
و از ہر کسے استفسار کردند باز بر حضرت مخدوم
کہ تواند گفت کہ سخن او رد کند ہمہ گفتند جز
خدمت شیخ علاء الدین دیگری نتواند گفت
خواجہ احمد شیرینی ستدہ بہر ملاقات خدمت
شیخ علاء الدین رفت ایشان پرسیدند
شما را ارادت کجاست ایشان گفتند بر
حضرت شیخ فرید الدین اجودہنی خدمت
شیخ علاء الدین گفتند سن شما اندک می نماید
با ایشان ملاقات از کجا دست داد خواجہ گفت
بندہ ربط قلب با حضرت شیخ دارد ہر وقتی
کہ می خواہد با ایشان در خواب ملاقات

نے بہت سی جگہ جادہ شریعت سے منحرف ہو کر قوال
لکھے ہین۔ دیکھیے حضرت مخدوم رضا اس جگہ ان اقوال
کو کیا فرماتے ہین کسیکو آپ کی مجلس مین جانا چاہیے
اور آپ کے بیانات کو سمجھکر آئے اور یہان بیان
کرے سب نے خواجہ احمد دبیر کو منتخب کیا۔ خواجہ دبیر نے
عوارف ہاتھ مین لی اور حضرت مخدوم کی خدمت
مین حاضر ہوئے اوس کتاب کے پڑھنے کی استدعا
کی حضرت مخدوم نے ارشاد فرمایا کہ جاؤ سید محمد اکبر سے
اسکو پڑھو (آپ حضرت مخدوم کے بڑے صاحبزادے
تھے) خواجہ احمد دبیر نے عرض کیا کہ اس کتاب کے
معنی ظاہری مجھکو معلوم ہین حضرت مخدوم نے ارشاد
فرمایا کہ پھر پڑھنے کی کیا ضرورت ہے واپس چلے
جاؤ۔ خواجہ احمد دبیر واپس ہوے اور چوکھٹ کے
پاس بیٹھ گئے اور ہر شخص سے یہی پوچھتے رہے کہ
وہ شخص کون ہے جس کی بات حضرت مخدوم کی
بارگاہ مین مقبول ہوتی ہے۔ سب نے کہا کہ مولانا
علاء الدین گوالیری ہین۔ انکے سوا کوئی کچھ نہین
کر سکتا ہے۔ خواجہ احمد دبیر نے شیرینی منگوائی اور
مولانا علاء الدین کی ملاقات کو گئے۔ مولانا
نے پوچھا کہ آپ کو کس سے بیعت ہے۔ خواجہ نے
کہا کہ حضرت شیخ فرید الدین اجودہنی شکر گنج سے
مولانا علاء الدین نے کہا کہ آپ کا سن تو کم معلوم
ہوتا ہے۔ آپ کو حضرت فرید الدین گنج شکر اجودہنی سے

پیشود خدمت شیخ علاءالدین فرمودند امشب
بروید مشغول شوید چون حضرت شیخ را در خواب
ببینید پیش ایشان عرضه داشت کنید که
بندہ فلان عرضه داشت کرده است
در کتابها طائفهٔ شما هم چنین ست
که بیعت خواب اعتبار ندارد اگر معتبر است
پس در کتابها چگونه نوشته اند که بیعت
خواب اعتبار ندارد و اگر معتبر نیست
پس مرا چرا ضایع می کنید خواجه احمد دبیر
رفت مشغول شد حضرت شیخ فریدالدین
مسعود را در خواب دید کیفیت تمام
عرضه داشت خدمت شیخ فرمودند مولانا
علاءالدین نیکو میگوید بیعت خواب
اعتبار ندارد بروید مولانا علاءالدین
